ABC Certified
REG No: 3715

ہٹ کر خبر ....ڈٹ کر خبر

روزنامہ ترغیب گوجرانوالہ

Daily TARGHEEB Gujranwala

چیف ایڈیٹر: راجہ حبیب
ایگزیکٹو ایڈیٹر: سیف اللہ گھمن
ایڈیٹر: ظہیر خان

E-mail:dailytargheeb123@gmail.com

/DailyTargheeb /DailyTargheeb123 Web:dailytargheeb.com

جلد 6 | بروز بدھ 24 جنوری 2024ء، 12 جمادی الثانی، 12 ماگھ (صفحات 4 قیمت 10 روپے) | شمارہ 219

القران

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"اللہ کے ہاں بس شرک ہی کی بخشش نہیں ہے۔ اسکے سوا اور سب کچھ معاف ہو سکتا ہے جسے وہ معاف کرنا چاہے۔ جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا تو وہ گمراہی میں بہت دور نکل گیا!"

(القرآن۔ سورۃ نساء آیت 116)

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا گجرانوالہ دفتر کا دورہ

ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر چوہدری رب نواز بھون و دیگر افسران موجود تھے

گوجرانوالہ (ترغیب سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر گجرانوالہ چوہدری رب نواز بھون کی دعوت پر معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر آفس گجرانوالہ کا دورہ کیا اور سہولت مرکز کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں سجاد حسین سندھڑ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گجرانوالہ، رانا ایاز سلیم سٹی پولیس آفیسر گجرانوالہ، فراز احمد ایس ایس پی انوسٹی گیشن گجرانوالہ، امتیاز رسول باتھ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گجرانوالہ، حافظ وزیر علی ملک جنرل سیکرٹری گجرانوالہ بار ایسوسی ایشن، عرفان سعید (بقیہ نمبر 24) چوہدری ممبر پنجاب بار کونسل، ظہیر احمد چیمہ ممبر پنجاب بار کونسل، و ممبران بار ایسوسی ایشن گجرانوالہ سمیت وکلاء کی کثیر تعداد اور معزز پراسیکیوٹر صاحبان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر گجرانوالہ نے سہولت مرکز کے قیام اور کام کے متعلق شرکاء کو آگاہی دی اور معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے سہولت مرکز کے قیام پر ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر گجرانوالہ کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری کیا۔ اس موقع پر سلطان اکبر چٹھہ، احمد سعید اور ارشد فاروقی صاحب ڈپٹی پراسیکیوٹرز جنرل پنجاب بھی معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے ہمراہ تھے۔